A
Transpiration
H2O
Vapour
CO2
Open
stomata
Photosynthesis
B
Wilted plant
H2O
CO2
Closed
stomata
Photo-
synthesis
ABA
Abundant water
Water shortage

السَّـــــلاَمُ عَلَيــْــكُم وَرَحْمَةُ الله و برکاتهِ

موضوع :

جو پانی میں ڈوب گیا ، اسے بارش کی کیا پرواہ - - - -

ایک کچن گارڈن میں پودوں کو پانی دینے کا شیڈیول مختلف ہوتا ہے اور ہر پودے کو پانی کی ضرورت بھی مختلف ہوتی ہیں ، لیکن صبح کا وقت بہترین وقت تصور کیا جاتا ہے - اور پانی دیتے وقت آپ درجہ حرارت ، مٹی ، اور پودے کی عمر کا تعین کرتے ہیں اور ساتھ ساتھ پودوں کو کب اور کتنی بار پانی دینا ہے - پودوں کو پانی دینے کا بہترین وقت صبح یا شام ہے - صبح کو پانی دینے سے پودا خود کو اگلے آنے والے

چند گرم گھنٹوں کے لیئے تیار کر لیتا ہے اور شام کو پانی دینے سے وہ **Cool Down** ہو جاتا ہے ۔

اہم بات یہ ہے کہ ان اوقات میں پانی دینے سے پودے کو اپنا **Water Level** بھی برقرار رکھنے میں مدد ملتی ہے ۔ اگر آپ دوپہر کو پانی دیتے ہیں ، خاص طور پر گرمیوں کے دوران ، گرمی اور سورج کی تپش اپنے عروج پر ہوتی ہے ۔ جس سے پودے کا پانی مٹی اور جڑوں میں جذب ہونے کے بجائے بخارات **Evaporation** بن کر اُڑ جاتا ہے ۔ صبح کا پانی درحقیقت شام کو پانی دینے سے بہتر ہے کیونکہ سورج غروب ہونے سے پہلے پودے کو خشک ہونے کا وقت مل جاتا ہے ۔

رات کے وقت پانی مٹی اور جڑوں کے ارد گرد پوزیشن سنبھال لیتا ہے ، جو جڑوں کے گلنے سڑنے ، فنگس کی افزائش بڑھانے اور نقصان دہ کیڑے جو پودے کو نقصان پہچاتے ہیں انہیں پودے کے قریب کر دیتا ہے ۔

پانی دینے کا بہترین وقت :

صبح 10 بجے سے پہلے دیں تاکہ پانی بخارات بننے سے پہلے جذب ہو جائے ، شام 4 بجے سے پہلے دے دیں تاکہ سورج غروب ہونے سے پہلے پانی جذب ہو جائے ۔ رات کے وقت پودوں کے ارد گرد منڈلانے والے کیڑوں کی بنیادی وجہ زمین کا درجہ حرارت اور فضای درجہ حرارت میں بنیادی فرق کا ہونا ہے ۔

5 چیزوں کا غلط انتخاب جو آپ کے پودوں کی جان لے سکتا ہے -

1 - چھوٹے پاٹ کا انتخاب

2 - گملے میں سوراخوں کا بند ہو جانا یا نا ہونا

3 - ضرورت سے زائد فرٹیلائزر کا دینا

4 - ضرورت سے زائد پانی دینا

5 - سورج کی روشنی کے متعلق علم نا ہونا

دعاؤں میں بسے لوگو ، جہاں رہو خوش رہو . . .

آج کی اچھی بات :

دوسروں سے کچھ لینے کے لیئے انہیں کچھ دینا بھی پڑتا ہے .

(جارج ستیانا)